نفل یا قضا روزے میں مشت زنی کی اور انزال ہوگیا، تو اس روزے کا کیا حکم ہوگا؟

مجیب: ابو محمد مفتی علی اصغر عطاری مدنی

فتوی نمبر: Nor-12319

تاریخ اجراء: 28ذوالحجۃالحرام1443ھ/28جولائی2022ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے کرام اس مسئلہ کے بارے میں کہ اگر کسی شخص نے نفل یا قضا روزہ رکھا اور شہوت سے مغلوب ہو کر اس نے روزے ہی کی حالت میں مشت زنی کی جس سے اسے انزال بھی ہو گیا، تو اس صورت میں اس روزے کا کیا حکم ہو گا؟؟ رہنمائی فرمائیں۔

بِسۡمِ اللہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلۡجَوَابُ بِعَوۡنِ الۡمَلِکِ الۡوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الۡحَقِّ وَ الصَّوَابِ

معاذ اللہ! مشت زنی کرنا سخت ناپاک فعل اور گناہ والا کام ہے اس سے بچنا ہر مسلمان کے لیے لازم و ضروری ہے۔ البتہ شرعی مسئلہ ذہن نشین رہے کہ نفل روزہ ہو یا قضا روزہ، بہر صورت روزے کی حالت میں روزہ یاد ہوتے ہوئے مشت زنی کرنے سے اگر انزال ہو جائے، تو اس صورت میں وہ روزہ ٹوٹ جائے گا بعد میں اس روزے کی قضا کرنا ضروری ہو گا۔ ہاں! فقہائے کرام کی تصریحات کے مطابق اگر کسی نے رمضان کے روزے میں ایسا فعل کیا تو اس پر فقط قضا لازم ہو گی، کفارہ لازم نہیں آئے گا جبکہ دیگر روزوں میں تو کفارہ لازم ہونے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔

لہذا صورتِ مسئولہ میں مشت زنی کرنے سے اس شخص کا وہ نفل یا قضا روزہ ٹوٹ گیا، اس پر لازم و ضروری ہے کہ وہ اس گناہ سے توبہ کرنے کے ساتھ ساتھ بعد میں اس روزے کی قضا بھی کرے اور آئندہ اس فعلِ بد سے دور رہے۔

مشت زنی کرنے سے انزال ہو جائے تو روزہ ٹوٹ جائے گا۔ جیسا کہ تنویر الابصار مع الدر المختار میں ہے:" استمنی بکفه أو بمباشرة فاحشة۔۔۔(فأنزل)۔۔۔(قضی) فی الصور کلها (فقط)۔"یعنی ہاتھ سے منی نکالی یا مباشرت فاحشہ کی اور انزال ہو گیا تو ان تمام صورتوں میں اس روزے کی فقط قضا لازم ہے۔(تنویر الابصار مع الدر المختار، ج03، ص435-439، مطبوعہ کوئٹہ، ملتقطاً وملخصاً)

"الاختیار" میں ہے:"ولو استمنی بکفه أفطر لوجود الجماع معنی، ولا کفارة لعدم الصورة۔"یعنی مشت زنی کرنے سے روزہ ٹوٹ جائے گا معنیً جماع پائے جانے کی وجہ سے، کفارہ نہیں صورۃ جماع نہ ہونے کی وجہ سے ۔(الاختیارلتعلیل المختار،ج01،ص171،مطبوعه پشاور)

فتاوٰی رضویہ میں ہے:"جلق (مشت زنی) سے روزہ نہیں ٹوٹتا جب تک اس سے انزال نہ ہو۔"(فتاوی رضویه،ج10، ص596،رضافاؤنڈیشن،لاہور،ملخصاً)

بہارِ شریعت میں ہے:"ہاتھ سے منی نکالی یا مباشرت فاحشہ سے انزال ہو گیا۔۔۔ان سب صورتوں میں صرف قضا لازم ہے، کفارہ نہیں۔"(بہارشریعت،ج01،ص989،مکتبہ المدینه، کراچی،ملتقطاً)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.daruliftaahlesunnat.net
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net